نمبر (۱) — جلد (۴۰)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۲ ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱	تقرر ممبر کمیٹی سود۔	۱
[illegible]	رخصت لفٹنٹ آغا ذاکر حسین صاحب	۲
۲	〃 سجادہ ... کتب خانہ	۳
۲	اضافہ عہدہ منشی محمد ...	۴
〃	... اطلاع ...	۵
〃	...	۶
〃	رخصت ...	۷
〃	〃 ...	۸
۳	برخاستگی نائب ...	۹
〃	رخصت ...	۱۰
〃	استعفاء ...	۱۱
〃	اضافہ ...	۱۲
〃	تبدیلی ...	۱۳
〃	رخصت ...	۱۴
۳	اضافہ ...	۱۵
〃	〃 ...	۱۶
〃	〃 حامد رضا خان ...	۱۷
〃	〃 مولوی عبدالجبار خان۔	۱۸
〃	〃 شبیر علی خان۔	۱۹
〃	〃 امداد حسین خان	۲۰

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر ممبر کمیٹی

۱۹ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر باطلاع فوتی ... پرشاد گماشتہ خزانہ ممبر کمیٹی سود و تجویز تقرر ممبری ... منیجر ... صاحب ... فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ تحقیقات کمیٹی سود بنا بر تصفیہ معاملات سود از ۱۲ ماہ جون سنہ ۱۸۹۰ء و تقرر ممبری ... گماشتہ خزانہ در کمیٹی سود

حکم

منیجر ... خزانہ کو کمیٹی سود کا ممبر مقرر کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثل عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت بیس یوم لفٹنٹ آغا ذاکر حسین صاحب اے ڈی سی من ابتدا ۲۲ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء بوجہ شادی برادر بمقام دہلی

حکم

رخصت ۲۰ یوم مطلوبہ لفٹنٹ آغا ذاکر حسین اے ڈی سی کی ۲۲ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثل رپورٹ ... صاحب ... دربارہ منظوری رخصت ۲۴ یوم منشی محمد ممتاز ... من ابتدا ... لغایت ۱۵ ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء بوجہ علالت اہلیہ۔ زمانہ رخصت میں ... کام ... انجام دینگے

حکم

سپرد داری رجسٹر کتب خانہ جاوان مغرم کی رخصت ... ۱۴ یوم ۲ جنوری ۱۹۲۸ء سے بموجب رپورٹ منظور ہوئی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۲ دسمبر ۱۹۲۷ء

محمد قیاس ہیڈ کانسٹبل باہر جیاب گشت بیس روپیہ ماہانہ تنخواہ اور دس روپیہ ماہانہ الاؤنس پاتا ہے۔ رقم الاؤنس سے پانچ روپیہ ماہانہ تنخواہ میں اضافہ کرکے عہدہ سب انسپکٹر کیا جاتا ہے۔ آئندہ سے بیس روپیہ تنخواہ اور پانچ روپیہ ماہانہ الاؤنس ملیگا اور عہدہ سب انسپکٹر رہیگا۔ اسکی جگہ دوسرا ہیڈ کانسٹبل بنائے جانیکی ضرورت نہیں کیونکہ یہ جگہ خالی نہیں ہوئی ہے۔ یہی عمل اس سے قبل عترت حسین محافظ دفتر کے عہدہ کا ہوا تھا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرا احکام اصل کاغذات پولیس کو مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۴ دسمبر ۱۹۲۷ء

صیغہ جات ماتحت اجلاس ہذا میں سے جو ملازم زائد از ایک ہفتہ تنخواہ کا ایام تعطیلات یا غیر تعطیلات میں اپنے ہیڈ کوارٹر سے باہر جاتا ہے تو اسکی اطلاعی رپورٹ صیغہ متعلقہ سے اجلاس ہذا میں آنا چاہئے۔ خواہ وہ ملازم رخصت وغیرہ اجلاس ہذا سے حاصل کرچکا ہو۔ یا سکریٹری صاحبان بہادر سے حاصل کی ہو۔ بہرحال روانگی بیرونجات کے لئے اطلاعی رپورٹ اجلاس ہذا میں آنا ضروری ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۹ دسمبر ۱۹۲۷ء

محمد مجیب سب انسپکٹر بالزام رشوت ستانی زیر دفعہ (۱۶۱) ایک ماہ قید اور پچاس روپیہ جرمانہ کا سزایاب ہوا تھا جسکی میعاد قید پندرہ روز باقی ہے قیدی مذکور کو بنظر رحم خسروانہ حسب دفعہ (۴۰۱) ضابطہ فوجداری بقیہ ایام قید سے رہا کیا جاتا ہے۔ محمد مجیب مولوی محمد یعقوب وکیل سرکار کا پسر ہے۔ وکیل سرکار دیرینہ ملازم اور نمکخوار ریاست ہے۔ مشارالیہ کی استدعا پر یہ پروسیڈنگ کی گئی ہے۔ درخواست وکیل سرکار شامل ہے۔

حکم ہوا کہ

اصل روبکار ہذا بغرض کارروائی رہائی قیدی عدالت اپیل کمیشن کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل سررشتہ صدر کو مرسل ہو وہاں سے اندراج گزٹ کرا دیا جائے۔ اجلاس سے نقلیں بھی جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۹۲۷ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر در بارہ منظوری رخصت دو ہفتہ برج موہن لال ... سررشتہ ... بوجہ علالت ذمہ داری جندی پرشاد ...

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر رخصت دو ہفتہ سائل و ذمہ داری جندی پرشاد منظور ہے احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ دسمبر ۱۹۲۷ء

مثبتہ یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب در بارہ اسکے کہ ڈاکٹر گھنشیام کی مزید رخصت بیکار ۳۰ نومبر ۱۹۲۷ء کو ختم ہوگئی یکم دسمبر سے ڈاکٹر مذکور نے درخواست انعام پیش کی جو بسفارش اجلاس ہمایوں میں روانہ ہوئی جسکے حکم کی درخواست پر اجلاس ہمایوں سے حکم صادر ہونے تک رخصت بوضع تنخواہ یا حکم سابقہ منظور فرمائی جائے۔

حکم

ڈاکٹر گھنشیام کی رخصت ۳۰ نومبر ۱۹۲۷ء کو ختم ہوگئی۔ نامبردہ نے درخواست عطائے انعام پیش کی ہے۔ اس درخواست پر حکم صادر ہونے تک نامبردہ کی رخصت بوضع تنخواہ تا حکم ثانی منظور کیجاتی ہے۔ نامبردہ کی جگہ بدستور گوہر علی کمپاونڈر شفاخانہ جیل کا انچارج رہیگا۔ اور انکو دس روپیہ ماہوار الاونس ملیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۸ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس معشوق علیخان نائب مدرس مدرسہ جوت
متعلق تحصیل سوار بوجہ غیر حاضری کم دسمبر ۱۹۲۶ء سے برخاست کیا گیا۔ اور بجائے نامبرد
سے ملک شیر خان ولد کرم شیر خان درجہ پنجم پاس ۸ روپیہ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ
نائب مدرس مقرر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۱۸ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد۔ دربارہ منظوری رخصت یکہفتہ
دو ہفتہ از ۱۰ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء منشی عبدالباسط محرر رجسٹری تحصیل شاہ آباد

حکم

چونکہ کاغذات سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر حصول رخصت محرر رجسٹری اپنے کام سے در حقیقت
دیگر غیر حاضر ہوگیا۔ لہذا محرر رجسٹری تحصیل شاہ آباد کی رخصت دو ہفتہ بوضع تنخواہ
منظور ہے۔ کام کا انتظام بدستور بذمہ داری محرر جوڈیشل حسب ضابطہ سب رجسٹرار
شاہ آباد کے رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

استعفا

۱۹ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس رمضان الدین مدرس مدرسہ
سینجنی ناگار پرگنہ حضور تحصیل کا استعفا ۱۸ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء سے منظور کیا گیا۔

لہذا حکم ہوا

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۲۰ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ بہادر درجہ اول معتمد مقدمات
چیف مجسٹریٹ بہادر دربارہ اضافہ شدا علیخان اہلمد عدالت
تنخواہ دار ۱۰ روپیہ بقدر چہ روپیہ بوجہ کثرت کام کی تنخواہ۔

حکم

حسب سفارش صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول شدا علیخان اہلمد کی تنخواہ
دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

تبدیلی

۲۱ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس۔ سید اشرف علی مدرس مسوش تحصیل بلاسپور
تنخواہ دار ۸ روپیہ ماہوار مدرسہ سینجنی ناگار پرگنہ حضور تحصیل کو تبدیل کیا گیا اور بوجہ بیماری
نامبردہ کی رخصت ۱۵ روز منظور کی گئی۔ اور بجائے اشرف علی مدرسہ مسوش میں سید
حسن رضا نائب مدرسہ چاؤ پورہ تحصیل سوار چہارم پاس ۸ روپیہ تنخواہ پر تبدیل کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

واقع ۱۴ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء

محمد اکبر خان محرر کارخانہ پیش خانہ نے بعذر علالت و کمزوری رخصت تین ماہ رعایتی کی
درخواست پیش کی ہے۔ جو سارٹیفکٹ ڈاکٹری سے بھی سرشتہ ہے۔ نامبردہ کی دو ماہ کی
رخصت دیرینہ ملازم ہونے کے لحاظ سے بعوض محمد منظور خان پسر نامبردہ منظور ہوئی تھی
لیکن نامبردہ سے کام نہ چلنے کی منصرم کو شکایت ہے۔ اس لئے کنٹرولر صاحب کی رائے ہے
آئندہ رخصت بعوض محمد منظور خان لائق منظوری نہیں۔ بلکہ واحد علی خان اپرنٹس کو
عوض تجویز کیا ہے۔ اور محمد اکبر خان محرر کی ملازمت ۵۲ سالہ میں یہ ہی دو ماہ کی رخصت
بعوض دئیے جانیکی تصدیق کی ہے۔ چونکہ اکبر خان بہت دیرینہ ملازم ہے۔ لہذا رخصت
رعایتی دو ماہ اور عوض کو حق خدمت بطور پیڈ اپرنٹس دئیے جانیکی تجویز ہے۔
واحد علی اپرنٹس کنٹرولر آفس کا ہے۔ جو بہادر اہی پرورش کی درخواست کرتا ہے
نامبردہ دفتر ہذا کا اپرنٹس ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

رخصت رعایتی دو ماہ محمد اکبر خان کی منظور ہے۔ جو بہادر عوض مقرر کیا جائے۔ نامبردہ کو
آٹھ روپیہ ماہواری بطور پیڈ اپرنٹس ملیں گے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سکرٹری بہادر صنعت حرفت و تعمیرات

اضافہ

۲۰ ؍دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب فائنینشل سکرٹری بہادر و صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔

دربارہ تکمیل تنخواہ سے کیدار ناتھ تحویلدار صیغہ آبکاری مشاہرہ دار بست روپیہ از یوم تکمیل ضمانت یعنی ۱۵ر مارچ ۱۹۲۶ء باضافہ پانچ روپیہ ماہانہ۔

حکم

حسب سفارش سپرنٹنڈنٹ ابکاری و صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر کیدار ناتھ تحویلدار صیغہ آبکاری مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ تاریخ تکمیل ضمانت ۱۵ر مارچ ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ حسب ضابطہ احکام جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

اضافہ

۱۳ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ آبکاری دربارہ اضافہ تنخواہ دس روپیہ شجاع اللہ خان کلرک آبکاری بلحاظ محنت و ہوشیاری۔

حکم

دس روپیہ ماہوار اضافہ زیادہ ہی حسب سفارش پانچ روپیہ ماہوار کا اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

اضافہ

۲۰ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری دربارہ منظوری اضافہ منشی امتیاز احمد محرر گودام بوجہ ملازمت دیرینہ۔

حکم

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری سے امتیاز احمد محرر گودام آبکاری مشاہرہ دار ... ماہوار کی چار روپیہ ماہوار کی سفارش کرتے ہین۔ جو زیادہ ہی۔ نامبردہ کی موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہی۔ سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

منشی حامد رضا خان نائب مدد کی تعیناتی اجلاس ہذا مین ہی۔ اور اجلاس مین صرف ایک ہی نائب مدد ہی۔ کار متعلقہ نہایت محنت سے انجام دیتا ہی۔ مویشی خانہ جات کا تعلق ہو جانیکی وجہ سے کام کی نہایت کثرت ہی۔ نامبردہ ہر روزہ کام ختم کر دیتا ہے۔ پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ بمقابلہ دیگر نائبان میونسپلٹی قلیل ہی۔ یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے موجودہ تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار کا اضافہ دیا جانا منظور کیا جاتا ہی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر اجرای احکام صدر عالیہ کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مولوی عبد الجبار خان اہلمد تکس متعینہ دفتر میونسپلٹی مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کے پاس کام زائد ہی۔ پرائیوٹ گاڑیان و سائیکل ہائے پر جو سال حال مین جدید ٹکس قائم ہوے ہین انکے متعدد رجسٹر جدید جاری ہوے ہین۔ اسوقت تک کام قابل اطمینان انجام دے رہے ہین۔ شوکت علیخان اہلمد متوفی جسکی جگہ پر نامبردہ کا تقرر ہوا ہے مبلغ پانچ روپیہ ماہوار کا ملازم تھا۔ مبلغ دو روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین گنجائش ہے۔ یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے مبلغ دو روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور کیا جاتا ہی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر اجرای احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

شبیر علیخان محرر چنگی کی تعیناتی دفتر میونسپلٹی مین اندراج بیجک ہائے چنگی ہی۔ اور مستقل طور سے وہ اجلاس آنریری مجسٹریٹ صاحب مین حاضر رہکر کام انجام دیتا ہی۔ دس روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہی جو قلیل ہی۔ اجلاس حضور مرشد زادہ آفاق عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم سے ارشاد نافذ ہوا ہے کہ ایک محرر مستقل طور سے انکے اجلاس مین تعینات کر دیا جائے۔ چونکہ نامبردہ محنت سے دونون کام انجام دے رہا ہی۔ یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے مبلغ دو روپیہ ماہوار کا اضافہ دیا جانا منظور کیا گیا ہی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر اجرای احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ر دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ دیوان صاحب صدر دربارہ منظوری اضافہ منشی انوار حسین خان معاون اہلمد خزانہ صدر مشاہرہ دار ... روپیہ ماہوار بوجہ حسن انجام دہی کام۔

حکم

حسب سفارش دیوان صاحب انوار حسین خان معاون اہلمد خزانہ صدر کی موجودہ تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہی۔ بغرض اجرای احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر